فوری ریلیز کے لیے: 2024/9/7 | گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے بیرل طوفان کے بعد اس کے باقی ماندہ حصے کے نیو یارک کی جانب بڑھنے کی وجہ سے شدید موسم سے متعلق ریاستی تیاریوں کو اجاگر کیا ہے

جمعرات تک سیلابی طوفان، تیز ہواؤں، ژالہ باری اور گرج چمک کا امکان

ریاست نیو یارک کے زیادہ تر حصوں میں موسلادھار بارش سے سیلابی طوفان کا خدشہ

شمالی ملک میں چار انچ تک بارش کی توقع

گورنر HOCHUL نے آج بیرل طوفان کے بعد اس کے باقی ماندہ حصے کے نیو یارک کی جانب بڑھنے کی وجہ سے احتیاطی تدابیر اپنانے کی تاکید کی ہے۔ بارشوں کے آج رات سے شروع ہونے کا امکان ہے جبکہ بدھ کی سہ پہر سے شدید بارشیں شروع ہوں گی جو کہ بدھ کی رات اور جمعرات تک جاری رہیں گی۔ مغربی نیو یارک، فنگر لیکس، جنوبی سلسلے، مرکزی نیو یارک، موہاک ویلی، مڈہڈسن، دارالحکومتی علاقے اور شمالی ملک میں شدید بارشیں اچانک سیلاب کی صورت اختیار کر سکتی ہیں۔ شمالی ملک میں سیلابی طوفان کا شدید خدشہ ہے اور مقامی طور پر زیادہ سے زیادہ امکان کے ساتھ چار انچ تک بارش ہونے کی توقع ہے۔ ریاست بھر میں گرج چمک، تیز ہواؤں اور ژالہ باری سمیت شدید موسم کا بھی امکان ہے۔ سیلابی طوفان کے علاوہ، بجلی کی بندش، درختوں کے گرنے اور بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچنے کا بھی اندیشہ ہے۔

"طوفان کی وجہ سے ہماری کمیونٹیز پر پڑنے والے تباہ کن اثرات نیو یارک کے لیے کوئی انوکھی بات نہیں ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "میری انتظامیہ موسم کے اثرات کی کڑی نگرانی کرتی رہے گی اور ہم نیو یارک کے شہریوں کو چوکنا رہنے اور موسم کی پیش گوئی کی کڑی نگرانی کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔"

قومی خدمت برائے موسمیات (National Weather Service) باقاعدگی سے موسم سے متعلق انتباہات اور اطلاعات جاری کرتی ہے۔ مکمل فہرست کے لیے، alerts.weather.gov پر موجود قومی خدمت برائے موسمیات کی ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔ نیو یارک کے شہریوں کی اس حوالے سے بھی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ ہنگامی انتباہات کے لیے alert.ny.gov کو سبسکرائب کرتے ہوئے NY Alert کے لیے سائن اپ کریں، جو کہ آپ کے سیل فون یا کمپیوٹر پر اہم ہنگامی معلومات فراہم کرنے کی ایک مفت خدمت ہے۔

ریاستی ایجنسی کی اضافی تیاریاں

محکمہ ٹرانسپورٹیشن
ریاستی محکمۂ آمدورفت (Department of Transportation) موسمی صورت حال کی نگرانی کر رہا ہے اور 3,440 سے زائد سپروائزر اور آپریٹرز کے ساتھ امدادی کارروائیوں کے لیے تیار ہے۔ فیلڈ کا تمام عملہ مکمل طور پر شرکت کر کے امدادی کاروائیاں کرنے کے لیے دستیاب ہے۔ عملے کو کسی بھی قسم کے درکار امدادی جتھے کی صورت میں تشکیل دیا جا سکتا ہے (سیلابی امداد، ملبہ ہٹانا، نقل و حمل، تیز دباؤ سے نکاسی بحال کرنا، گرے ہوئے درختوں کو کاٹ کر راستہ کھولنا، ٹریفک کے اشارے چلانا، وغیرہ۔) متاثرہ مقامات کے تمام رہائشی علاقوں میں شدید

موسمی حالات و واقعات اور خاص طور پر صفائی کی کارروائیوں کے دوران آپریٹرز، سپروائزرز اور میکینکس سمیت عملہ دستیاب رہے گا۔ ریاست بھر کے سازوسامان کے اعداد و شمار حسب ذیل ہیں:

- 1,431 بڑے ڈمپ ٹرکس
- 315 بڑے لوڈر
- 90 چپرز
- 86 پہیوں والے اور پٹری والے ایکسکیویٹرز
- 31 ٹریفک ٹاور پلیٹ فارمز
- سیور جیٹ والے 13 ویکیوم ٹرکس
- 11 ٹری کریو بکٹ ٹرکس

تھرووے اتھارٹی (Thruway Authority)
تھرووے اتھارٹی کا عملہ اس وقت موسمی پیش گوئی پر نظر رکھے ہوئے ہے اور اس کے پاس 672 آپریٹرز اور سپروائزرز ریاست بھر میں ہواؤں یا سیلاب سے متعلقہ تمام مسائل سے نمٹنے کے لیے تیار ہیں اور یہ چھوٹے اور درمیانے سائز کے ایکسکیویٹرز، پلو/ڈمپ ٹرکس، بڑے لوڈرز، قابل منتقلی VMS بورڈز، قابل منتقلی لائٹ ٹاورز، چھوٹے جنریٹرز، نسبتاً چھوٹے پمپس اور ساز و سامان کی نقل و حمل کے ٹریلرز کے ساتھ ساتھ متبادل راستے دینے یا راستے بند کرنے کے لیے علامات والی تختیوں اور ٹریفک کنٹرول کے دیگر آلات سے لیس ہیں۔ تھرووے پر موٹر گاڑی چلانے والوں کو موسمی حالات سے آگاہ کرنے کے لیے مختلف پیغامات والے تختوں اور سوشل میڈیا کا استعمال کیا جاتا ہے۔

ریاست بھر کے سازوسامان کے اعداد و شمار حسب ذیل ہیں:

- 342 بڑے اور چھوٹے ڈمپ ٹرکس
- 67 لوڈر
- 34 ٹریلرز
- 5 ویکیوم ٹرکس
- 14 ایکسکیویٹرز
- 8 برش چپرز
- 99 چین والی آریاں
- 22 ایئریل ٹرکس
- 25 اسکِڈ اسٹیئر
- 86 قابل منتقلی جنریٹرز
- 69 قابل منتقلی روشنی والے یونٹ

تھرووے اتھارٹی موٹر سواروں کو اپنی موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کی ترغیب دیتی ہے جو کہ iPhone اور Android ڈیوائسز پر مفت ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے دستیاب ہے۔ یہ ایپ موٹر گاڑی چلانے والوں کو لائیو ٹریفک کیمروں تک براہ راست رسائی، ٹریفک کی حقیقی معلومات اور دوران سفر راستہ تلاش کرنے کی معاونت فراہم کرتی ہے۔ موٹر سوار TRANSalert ای میلز کے لیے بھی سائن اپ کر سکتے ہیں جو تھرووے پر ٹریفک کی تازہ ترین صورتحال فراہم کرتی ہیں، X پر @ThruwayTraffic کو فالو کر سکتے ہیں اور تھرووے اور ریاست نیو یارک کی دیگر سڑکوں سے متعلق ٹریفک کی صورتحال دکھانے والا انٹرایکٹیو میپ دیکھنے کے لیے thruway.ny.gov ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

محکمہ برائے عوامی خدمت (Department of Public Service)

نیو یارک کی سہولت گاہوں کے پاس تقریباً 6,000 کارکن موجود ہیں جو اس موقعے کے لیے ریاست نیو یارک میں نقصان کے تخمینے، امدادی کارروائیوں، مرمت اور بحالی کی کوششوں کے لیے دستیاب ہیں، بشمول فی الوقت NYSEG کی جانب سے حاصل کردہ 450 اضافی کارکن اور O&R کی جانب سے حاصل کردہ 50 اضافی کارکن۔ ایجنسی کا عملہ ان تمام موسمی حالات کے دوران سہولت گاہوں کے کام کی نگرانی کرے گا اور یقینی بنائے گا کہ سہولت گاہیں ایسے خطوں میں مناسب عملے کی ڈیوٹی لگاتی ہیں جن کو شدید ترین اثرات کا سامنا ہے۔

نیویارک ریاستی پولیس
ریاستی پولیس متاثرہ علاقوں میں حسب ضرورت ریاستی پولیس کے اضافی اہلکار متعین کرنے کے لیے تیار ہے۔ ریاست کی تمام خصوصی مقاصد والی گاڑیاں بشمول فور وہیل ڈرائیو گاڑیاں اور یوٹیلٹی ٹاسک والی گاڑیاں، متعین کر دی گئی ہیں اور فوری امدادی کاروائی کے لیے تیار ہیں۔ ریاستی پولس کے اہلکاروں کے ہنگامی صورتحال میں استعمال کے بجلی اور رابطہ کاری کے ساز و سامان جانچ کر لی گئی ہے۔

ڈیپارٹمنٹ آف انوائرمنٹل کنزرویشن
DEC کے تحفظ ماحولیات کی پولیس کے افسران، فارسٹ رینجرز، ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کا عملہ اور مقامی عملہ ہوشیار ہیں اور تبدیل ہوتی صورتحال اور موسمی پیشن گوئیوں پر نظر رکھے ہوئے ہیں اور شدید موسم سے ممکنہ طور پر متاثر ہونے والے علاقوں اور بنیادی ڈھانچے کا گشت جاری رکھے ہوئے ہیں۔ تمام دستاب وسائل، بشمول پانی میں جان بچانے والی تیز رفتار ٹیمز کسی بھی ہنگامی صورتحال میں معاونت کے لیے متعین ہیں۔

جب موسلادھار بارشوں کا امکان پایا جاتا ہو، تو ہائیکرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ تمام اونچے ٹریلز اور دریاؤں اور ندی نالوں پر بنے ٹریلز سے عارضی طور پر گریز کریں۔ ایڈیرونڈیکس کے ہائیکرز کو ترغیب دی جاتی ہے کہ ٹریلز کی صورتحال، سڑکوں کی موسمی بندشوں اور سیر و تفریح کی عمومی معلومات کے حوالے سے، ایڈیرونڈیکس بیک کنٹری کے معلوماتی ویب پیجز دیکھیں۔

پارکس، تفریح گاہوں اور تاریخی ورثہ کے تحفظ کا دفتر
نیو یارک اسٹ کی پارک پولیس اور پارک کا عملہ ہوشیار ہے اور موسمی صورتحالوں اور ان کے اثرات پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ پارکوں میں جانے والوں کو چاہیئے کہ وہ پارک کے اوقات کار، کھلنے اور بند ہونے کے اوقات سے متعلق تازہ ترین اپ ڈیٹس کے لیے parks.ny.gov پر جائیں، مفت NY State Parks Explorer موبائل ایپ دیکھیں یا اپنے مقامی پارک آفس کو کال کریں۔

شدید موسم میں باحفاظت رہنے کے گُر

آفات سے متعلق سازوسامان
مندرجہ ذیل سازوسامان کو قابل رسائی رکھیں، بشمول:

- فلیش لائٹ اور اضافی بیٹریاں
- بیٹری سے چلنے والا ریڈیو اور اضافی بیٹریاں
- ابتدائی طبی امداد اور رہنما کتابچہ
- ہنگامی صورتحال کے لیے کھانا اور پانی
- بجلی کے بغیر چلنے والا کین اوپنر
- ضروری ادویات
- چیک بُک، نقد رقم، کریڈٹ کارڈز، ATM کارڈز

سیلابی طوفان
سیلاب زدہ سڑک پر کبھی گاڑی چلانے کی کوشش نہ کریں۔ واپس مڑ جائیں اور دوسری سمت میں چل پڑیں۔ اگر آپ کی گاڑی میں آپ کے آس پاس پانی تیزی سے بڑھنے لگے تو گاڑی سے فوراً اتر جائیں۔ تیز بہاؤ والے پانی کی طاقت

کو کبھی بھی کمتر نہ سمجھیں۔ تیز بہاؤ والا دو فٹ گہرا پانی آپ کی گاڑی کو بہا لے جائے گا اور دو میل فی گھنٹہ کی رفتار سے چلتا پانی گاڑیوں کو سڑک یا پُل پر سے بہا کر لے جا سکتا ہے۔

آسمانی بجلی

30-30 کے اصول پر عمل کریں: اگر آپ کو بجلی کی چمک دکھائی دینے اور اس کی گرج سنائی دینے کے درمیان وقفہ 30 سیکنڈ یا اس سے کم ہو تو اس کا مطلب ہے کہ آسمانی بجلی اتنی قریب ہے کہ آپ کو اپنی زد میں لے لے۔ فوری طور پر محفوظ جگہ پر چلے جائیں۔ آسمانی بجلی کی آخری چمک کے بعد اپنی محفوظ پناہ گاہ سے نکلنے سے پہلے 30 منٹ تک انتظار کریں۔ آسمانی بجلی سب سے اونچی چیز پر گرتی ہے۔ اگر آپ ارد گرد کے درختوں سے اونچی جگہ پر ہیں تو جلدی سے ان سے نیچے ہو جائیں اور اگر آپ کسی کھلی جگہ پر ہیں تو پنجوں کے بل بیٹھ جائیں۔ اگر آپ کسی محفوظ پناہ گاہ تک نہیں جا سکتے تو درختوں سے دور رہیں۔ اگر کوئی محفوظ پناہ گاہ نہ ہو تو کھلی جگہ پر پنجوں کے بل بیٹھ جائیں اور کسی درخت سے اس کی لمبائی سے دوگنا فاصلہ رکھیں۔

ذاتی تیاریوں اور شدید موسم میں محفوظ رہنے کے طریقوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: https://www.dhses.gov/safety۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں